لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، تحصیل آباد اور گردونواح سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

اتوار 14 شعبان المعظم 1445ھ 25 فروری 2024ء 14 پھاگن 2080ب

ڈی آئی خان کھلی کچہری میں سرکاری محکموں کیخلاف شکایات کے انبار

وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے افسران نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا تھا

وفاقی محکموں کے افسران کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر آفس بھکر میں کھلی کچہری کا انعقاد، لوگوں نے سرکاری محکموں کیخلاف پھٹ پڑے

عارف خان کنڈی، عمران خان اور چوہدری عمران محمود افسران وفاقی محتسب کے متعلقہ افسران کو احکامات صادر، موقع پر ہی ریلیف فراہم

ڈیرہ اسماعیل خان (نامہ نگار) وفاقی محتسب کے افسران عمران خان سینئر انوسٹیگیشن آفیسر، عارف خان کنڈی انوسٹیگیشن آفیسر اور چوہدری عمران محمود ڈینا کنٹرول آفیسر وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی کمشنر آفس بھکر ضلع بھکر میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے افسران نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور وفاقی محکموں کے افسران کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر آفس بھکر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ جس میں لوگوں نے وفاقی محکموں خصوصاً فیسکو واپڈا، BISP، نادرا اور سوئی گیس کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے جس پر عارف خان کنڈی، عمران خان اور چوہدری عمران محمود افسران وفاقی محتسب نے متعلقہ محکموں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقع پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں خصوصاً فاٹا میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں اس کے علاوہ IPO پروگرام اور عوام کو ادارے کے متعلق آگاہ کیا اور لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تاکہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں۔ اس ضمن میں انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ غریب عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اور انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب ادارہ مفت، آسان اور جلد انصاف فراہم کرتا ہے۔ شکایت کنندہ کو نہ کسی وکیل کی ضرورت ہے نہ سٹامپ پیپر کی نہ درخواست کی کوئی فیس وصول کی جاتی ہے۔ شکایت پر فیصلہ ایک ماہ کے اندر کیا جاتا ہے۔ بجلی، سوئی گیس، نادرا، پاسپورٹ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، احساس پروگرام یا کسی بھی وفاقی محکمہ کی بدانتظامی کے خلاف شکایت براہ راست یا بذریعہ ڈاک یا آن لائن یا موبائل ایپ کے ذریعے جمع کروا سکتے ہیں عوام نے کھلی کچہریاں منعقد کرنے پر وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا۔



ڈیرہ اسماعیل خان: وفاقی محتسب کے افسران عمران خان، عارف خان و دیگر کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں